صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 25 مارچ 2016ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
جمعہ 25 مارچ 2016ء 15 جمادی الثانی 1437 ہجری 25 امان 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 70

صلیب پر لٹکا دیا

حضرت فروہ بن عمرو جذامیؓ عرب علاقوں کیلئے رومی حکومت کی طرف سے گورنر مقرر تھے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے خط کے نتیجہ میں اسلام قبول کرلیا اور تحائف بھی بھجوائے۔ مگر ہرقل نے انہیں قید کردیا اور لالچ دی کہ اگر اسلام چھوڑ دو تو حکومت واپس مل جائے گی مگر انہوں نے انکار کردیا۔ چنانچہ ان کو قتل کرنے کے بعد ان کی نعش کو صلیب پر لٹکا دیا گیا۔

(السيرة الحلبيه جلد3 صفحه 229۔ مكتبه اسلاميه بيروت)

ارشادات عالیہ خلفاء سلسلہ احمدیہ

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

ابتلاء اور مصیبتیں مومن کا خاصہ ہیں اور ایمان کے جلا کیلئے ان چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔...... ایک دفعہ آپؐ نماز پڑھ رہے تھے۔ دشمن ایک اوجھڑی اٹھالائے جو غلاظت سے بھری ہوئی تھی اور آپؐ کے اوپر ڈال دی۔ ایک دفعہ آپؐ کے گلے میں رسی ڈال کر کھینچا گیا اور کوشش کی گئی کہ آپ کا دم گھٹ جائے۔

حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں بھی اس طرح کی تکلیفیں دی گئیں۔ آپ کا راستہ بند کیا گیا، لیکچروں میں پتھر برسائے گئے۔ غرض ہر رنگ میں ہتک کی گئی، گالیاں بھی دی گئیں۔ ایک دفعہ آپ مجلس میں بیٹھے تھے کہ ایک مخالف آیا اور آپ کو گندی گالیاں دینے لگ گیا۔ اس پر بعض کو غصہ بھی آیا مگر حضرت مسیح موعود نے انہیں روک دیا۔ تھوڑی دیر کے بعد جب وہ گالیاں دے کر خاموش ہوگیا تو آپ نے فرمایا آپ لوگ معذور ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:

جب تک اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی طرف سے طاقت عطا نہ کرے ہم میں کسی قسم کی کوئی طاقت، کوئی خوبی پیدا نہیں ہوسکتی۔ اس لئے ہر وقت دعاؤں میں لگے رہو۔ دعا ایک عجیب ہتھیار ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھ میں دیا ہے۔ اگرچہ دعا کے لئے خدا تعالیٰ نے نماز کو، صلوٰۃ کو رکھا ہے۔ لیکن نفلی دعاؤں کے لئے اس نے کوئی وقت مقرر نہیں کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر انسان چاہے تو ہر کام کرنے سے قبل اور اکثر کاموں کے کرنے کے دوران میں بھی دعاؤں میں مشغول رہ سکتا ہے۔ اور اس کے نتیجہ میں اس کے کام کو نقصان نہیں پہنچے گا۔ بلکہ فائدہ پہنچے گا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

جب خدا تعالیٰ غیروں سے عظیم مقابلہ کے لئے اپنی جماعتوں کو تیار کرتا ہے تو یہ دُکھ خدا کے فضل کی صورت میں عطا ہوتے ہیں۔ ان دُکھوں سے گزرے بغیر غیر اللہ کی طاقتوں کے مقابلہ کے لئے انسان تیار نہیں ہوسکتا اور ان کا ایک دوسرے سے گہرا جوڑ ہے اور ایک ایسی باہمی نسبت ہے کہ جتنے دُکھ زیادہ نصیب ہوں اتنا ہی غیر کے مقابل پر مومن زیادہ شدت اختیار کرتا چلا جاتا ہے اور یہی اس کے درمیان اور دوسری دنیاوی قوموں کے درمیان ایک تمیز ہے ایک مابہ الامتیاز ہے۔

داخلہ معلمین وقف جدید

ایسے احمدی نوجوان جو خدمت دین کا جذبہ رکھتے ہوں اور وقف جدید کے تحت معلم بن کر اپنی زندگی وقف کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں ان کی اطلاع کیلئے تحریر ہے کہ وہ اپنی درخواست مکمل کوائف والد/ سرپرست کے دستخط، ایک تصویر، شناختی کارڈ/ ب فارم کی کاپی، رزلٹ کارڈ کی کاپی (رزلٹ آنے پر) اور صدر صاحب/ امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ نظامت ارشاد وقف جدید ربوہ کو ارسال کریں۔ رابطہ کیلئے فون نمبر بھی تحریر کریں۔ مدرسۃ الظفر ربوہ میں داخلہ کیلئے تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو میٹرک کے نتیجہ کے بعد ہوگا۔ معین تاریخ کا اعلان روزنامہ الفضل میں کردیا جائے گا۔

شرائط برائے داخلہ

☆ امیدوار کا کم از کم میٹرک پاس ہونا ضروری ہے۔
☆ میٹرک پاس امیدواران کیلئے عمر کی حد 20 سال اور انٹرمیڈیٹ کیلئے 22 سال ہے۔
☆ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو۔
☆ مقامی جماعت کے صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو۔

ہدایات

قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو یقینی بنائیں۔ روزانہ قرآن کریم کی تلاوت کرتے رہیں۔ عربی اور انگریزی کے معیار نیز دینی معلومات اور معلومات عامہ کو بہتر بنائیں۔ کتب سیرت النبیؐ، سیرت حضرت مسیح موعود، دینی معلومات، نیز روزنامہ الفضل اور جماعتی رسالہ جات کا مطالعہ کرتے رہیں۔
مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبر 047-6212368 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔
(ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

پندرہویں تقریب تقسیم اسناد 2016ء

مدرسۃ الحفظ ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے مدرسۃ الحفظ ربوہ کی پندرہویں سالانہ تقریب تقسیم اسناد مورخہ 13 مارچ 2016ء کو بعد نماز عصر نصرت جہاں کالج دارالرحمت ربوہ کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم راجہ طاہر غنی صاحب امیر ضلع کوٹلی آزاد کشمیر تھے۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم کے بعد مکرم حافظ محمد شعیب صاحب استاد مدرسۃ الحفظ نے رپورٹ پیش کی۔ جس میں انہوں نے بتایا۔

حضرت اقدس مسیح موعود کی دلی خواہش کے مطابق حضرت مصلح موعود کے دور خلافت میں 1920ء سے قبل قادیان میں حافظ کلاس کا آغاز ہوا جو مختلف مراحل سے گزر کر آج مدرسۃ الحفظ کے نام سے قائم ہے۔ مدرسۃ الحفظ میں قرآن کریم حفظ کرنے کے لئے تین سال اور دوہرائی کے لئے مزید چھ ماہ کا کورس مقرر ہے۔ دومرتبہ دوہرائی کے بعد حافظ قرآن طلباء کا امتحان پہلے ادارے میں لیا جاتا ہے اور بعد میں External Examiner امتحان لیتے ہیں۔ آجکل محترم حافظ مظفر احمد صاحب یہ فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ امتحان پاس کرنے والے حفاظ کرام کو تکمیل حفظ کی سند اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دستخط مبارک کے ساتھ تفسیر قرآن کریم کا تحفہ دیا جا رہا ہے۔

اس وقت مدرسۃ الحفظ میں 140 طلباء کی گنجائش ہے۔ بیرون ربوہ سے آنے والے طلباء کے لئے ہوسٹل میں 53 طلباء کی گنجائش موجود ہے۔ ہوسٹل کے طلباء کے لئے معمولات کا ٹائم ٹیبل مقرر ہے۔ جس میں ان کی تدریس کے علاوہ، حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ اور چلڈرن کلاس، اجلاسات، تربیتی کلاس، علمی و ورزشی مقابلہ جات اور لائبریری سے استفادہ شامل ہے۔

انہوں نے بتایا دوران سال جماعتی تقریبات کا اہتمام کیا جاتا رہا جس میں جلسہ سیرت النبی ﷺ، جلسہ یوم مسیح موعود، جلسہ یوم مصلح موعود، جلسہ یوم خلافت اور تربیتی موضوعات پر علمائے سلسلہ کے لیکچرز شامل ہیں۔ طلباء کی ذہنی وجسمانی نشوونما کیلئے ہر سال سالانہ علمی و ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے امسال 31 طلباء نے قرآن کریم حفظ کرنے کی توفیق پائی۔ گزشتہ سال خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے 36 طلباء نے قرآن کریم حفظ کرنے کی توفیق پائی تھی۔ اس طرح خدا تعالیٰ کے فضل سے گزشتہ پندرہ سالوں کے دوران 440 طلباء حفظ قرآن کی سعادت پا چکے ہیں۔

امسال 31 طلباء نے پہلے سبقاً حفظ مکمل کیا۔ پھر دومرتبہ دوہرائی کے بعد اُن کا امتحان لیا گیا۔ امتحان میں کامیابی کے بعد آج ان حفاظ کرام کو اس بابرکت تقریب میں اسناد دی جائیں گی۔ اسناد حاصل کرنے والے ان حفاظ کرام میں سے 18 کا تعلق ربوہ سے، شیخوپورہ اور کوٹلی آزاد کشمیر سے دو دو طلباء جبکہ چنیوٹ، جھنگ، وہاڑی، بہاولپور، لاہور، قصور، کراچی، میرپور خاص، عمرکوٹ سے ایک ایک طالب علم شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین

رپورٹ کے بعد مکرم مہمان خصوصی نے اعزاز پانے والے حفاظ کرام میں اسناد اور انعامات تقسیم کئے۔

سال 2007ء سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت لاہور کے ایک دوست کی درخواست پر مدرسۃ الحفظ کے طلباء کو ہر سال ''رحمۃ للعالمین ایوارڈ'' دیئے جانے کی منظوری عنایت فرمائی ہے یہ ایوارڈ اول دوم اور سوم آنے والے ان طلباء کو نقد رقم کی صورت میں دیا جاتا ہے جنہوں نے دوران سال کم عرصہ میں حفظ کیا ہو اور اس کے علاوہ دہرائی، ابتدائی اور فائنل ٹیسٹ میں مجموعی طور پر سب سے زیادہ نمبر حاصل کئے ہوں۔ اول انعام کے لئے 25,000 روپے دوم کیلئے 15,000 روپے جبکہ سوم کیلئے 10,000 روپے کی رقم مقرر کی گئی ہے۔

امسال اول آنے والے طالبعلم عزیزم حافظ حزقیل احمد مظفر ابن مکرم مبارک احمد معین صاحب شیخوپورہ، دوم عزیزم حافظ احمد نور بہادر ابن مکرم حافظ ظہور احمد مدثر صاحب جھنگ اور سوم عزیزم حافظ شہزادہ عمیر احمد خان ابن مکرم ظہیر الدین بابر صاحب ربوہ قرار پائے اور مہمان خصوصی سے انعام حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ سب حفاظ کرام کو یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آخر پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔ تقریب کے بعد جملہ مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

نمبر شمار	نام	ولدیت	عرصہ حفظ
1	عزیزم حزقیل احمد مظفر	مکرم مبارک احمد معین صاحب شیخوپورہ	1 سال 17 دن
2	عزیزم احمد نور بہادر	مکرم حافظ ظہور احمد مدثر صاحب جھنگ	1 سال 7 ماہ 13 دن
3	عزیزم جلیس احمد	مکرم حافظ عبدالرحمٰن بھٹی صاحب میرپور خاص	1 سال 10 ماہ 10 دن
4	عزیزم واصف شہزاد	مکرم ناصر احمد صاحب ربوہ	1 سال 10 ماہ 13 دن
5	عزیزم صارم خلیل	مکرم خلیل احمد صاحب ربوہ	1 سال 11 ماہ 14 دن
6	عزیزم حمدان احمد	مکرم ضیاء الاسلام صاحب ربوہ	2 سال 1 ماہ 27 دن
7	عزیزم عرباض احمد طیب	مکرم محمد اسحاق صاحب کوٹلی	2 سال 2 ماہ 9 دن
8	عزیزم عبداللہ	مکرم مجیب احمد طاہر صاحب ربوہ	2 سال 2 ماہ 23 دن
9	عزیزم عیون احمد سرور	مکرم مظفر احمد صاحب ربوہ	2 سال 3 ماہ 1 دن
10	عزیزم شہزادہ عمیر احمد خان	مکرم ظہیر الدین بابر صاحب ربوہ	2 سال 4 ماہ 22 دن
11	عزیزم فاران احمد طاہر	مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب ربوہ	2 سال 4 ماہ 28 دن
12	عزیزم فہیم احمد نعیم	مکرم نعیم اللہ صاحب ربوہ	2 سال 5 ماہ 4 دن
13	عزیزم جری اللہ	مکرم عصمت اللہ قمر صاحب وہاڑی	2 سال 5 ماہ 17 دن
14	عزیزم طاہر سجیل	مکرم طارق فاروق صاحب ربوہ	2 سال 5 ماہ 20 دن
15	عزیزم ماہر احمد	مکرم طاہر احمد صاحب ربوہ	2 سال 6 ماہ 3 دن
16	عزیزم ہارون احمد	مکرم محمد داؤد صاحب لاہور	2 سال 6 ماہ 29 دن
17	عزیزم مبشر احمد ناصر	مکرم سعید احمد صاحب ربوہ	2 سال 8 ماہ 5 دن
18	عزیزم مجیب احمد	مکرم منیر احمد صاحب شیخوپورہ	2 سال 8 ماہ 6 دن
19	عزیزم حمزہ ظہیر	مکرم ظہیر احمد صاحب عمرکوٹ	2 سال 9 ماہ 4 دن
20	عزیزم ابصار احمد شاہد	مکرم شاہد محمود صاحب ربوہ	2 سال 9 ماہ 5 دن
21	عزیزم علی شہریار	مکرم طارق محمود صاحب ربوہ	2 سال 10 ماہ 6 دن
22	عزیزم فارس احمد جنجوعہ	مکرم چوہدری رحمت الٰہی صاحب ربوہ	2 سال 11 ماہ 14 دن
23	عزیزم شیراز محبوب	مکرم محبوب حسن صاحب کوٹلی	3 سال 4 دن
24	عزیزم ولید احمد سلیم	مکرم محمد سلیم صاحب ربوہ	3 سال 5 دن
25	عزیزم مبشر احمد	مکرم محمد اقبال صاحب قصور	3 سال 1 ماہ 9 دن
26	عزیزم راحیل احمد	مکرم مظفر احمد صاحب بہاولپور	3 سال 1 ماہ 9 دن
27	عزیزم حمزہ ابراہیم ناصر	مکرم ناصر محمود صاحب کراچی	3 سال 1 ماہ 23 دن
28	عزیزم مباہل احمد سجیل	مکرم ظفر احمد صاحب چنیوٹ	3 سال 2 ماہ 7 دن
29	عزیزم بابو مبارک احمد	مکرم اعجاز احمد صاحب ربوہ	3 سال 6 ماہ 5 دن
30	عزیزم حافظ محمد ندیم	مکرم محمد ریاض صاحب ربوہ	3 سال 7 ماہ 21 دن
31	عزیزم حافظ احسان احمد	مکرم محمد شوکت شوقین صاحب ربوہ	3 سال 10 ماہ 25 دن

پیارے آقا کا اعجازِ دعا

وہ اُن کے ہونٹ جو حرفِ دعا ہوئے ہم پر
تو رحمتوں کے سبھی باب وا ہوئے ہم پر

ہمیں عطا ہوئیں دونوں جہان کی خوشیاں
خدا کے فضل یوں بے انتہا ہوئے ہم پر

ہمارے برسوں کے سوئے نصیب جاگ اُٹھے
پھر اس کے لطف و کرم بے بہا ہوئے ہم پر

ثمر تمام ملے ہم کو دین و دنیا کے
یہ ارمغان یوں سارے عطا ہوئے ہم پر

عبدالصمد قریشی

مرتبہ: مکرم مبشر احمد اعجاز صاحب

خلفاء احمدیت کے ارشادات کی روشنی میں

نماز کی اہمیت، فرضیت اور برکات

(قسط اول)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل

''نماز ایسی چیز ہے کہ کلمہ شہادت کے بعد کوئی عمل نماز کے برابر نہیں۔ حضرت نبی کریمؐ نے فرمایا میرا جی چاہتا ہے کہ جب تکبیر ہو جائے تو مَیں دیکھوں کہ کون کون جماعت میں نہیں آیا اور ان کے گھر جَلا دوں۔ مگر باوجود اس کے کئی لوگ جو نماز باجماعت نہیں پڑھتے تم ان میں سے نہ بنو۔ منافق اصل میں بڑا مفسد ہوتا ہے اس میں شعور نہیں ہوتا۔ خدا تمہیں سمجھ دے جو میں نے کہا ہے اسے سمجھو۔''

(روزنامہ الفضل 16 اگست 1913ء صفحہ 15)

''نماز ظاہری پاکیزگی اور ہاتھ منہ دھونے اور ناک صاف کرنے اور شرمگاہوں کو پاک کرنے کے ساتھ یہ تعلیم دیتی ہے۔ کہ جیسے میں ان ظاہری پاکیزگی کو ملحوظ رکھتا ہوں۔ اندرونی صفائی اور پاکیزگی اور سچی طہارت عطا کر اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور سبحانیت۔ قدوسیت۔ مجدیت پھر ربوبیت رحمانیت رحیمیت اور اس کے ملک در ملک میں تصرفات اور اپنی ذمہ داریوں کو یاد کر کے کہ اس قلب کے ساتھ ماننے کو تیار ہوں سینہ پر ہاتھ رکھ کر تیرے حضور کھڑا ہوتا ہوں۔ اس قسم کی نماز جب پڑھتا ہے تو پھر اس میں وہ خاصیت اور اثر پیدا ہوتا ہے۔ جو اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی ...... میں بیان ہوا ہے پھر پاک کتاب کا کچھ حصہ پڑھے اور رکوع کرے اور غور کرے کہ میری عبودیت اور نیاز مندی کی انتہاء بجز سجدہ کے اور کوئی نہیں۔ جب اس قسم کی نماز پڑھے تو وہ نیاز مندی اور سچائی جب اعضاء اور جوارح پر اثر کر چکی تو اور جوش مار کر ترقی کرے گی اور اس کا اثر مال پر پڑے گا۔''

(الحکم 24 جنوری 1903ء صفحہ 15)

''نماز کے سب ارکان ظاہری احکام محافظ ہیں اور اِس امر کا ثبوت اس وقت بخوبی ہوتا ہے جب یہ ارکان عذر کی حالت میں انسان کے ذمے سے ساقط ہو جاتے ہیں مثلاً نماز میں بحالت مرض علیٰ اختلاف الاحوال قومہ، قعدہ، جلسہ وغیرہ سب معاف ہو جاتے ہیں مگر وہ اصل حکم اور حقیقی فرض جو مقصود بالذات ہے یعنی قلبی خشوع وخضوع جب تک قالب عنصری میں سانس کی آمدورفت کا سلسلہ جاری ہے کسی بھی انسان کے ذمے سے نہیں ٹلتی۔ یہی اور صرف یہی نماز ہے جسے اسلام نے لائق اعتبار اور مستحق ثواب کہا ہے''۔

''ایک شخص نماز پڑھتا ہے اور اسے لذت نہیں ملتی تو اس کو سوچنا چاہئے کہ یہ بھی خدا کا فضل ہے کہ میں نے نماز تو پڑھ لی۔ دوسرا اس سے اعلیٰ ہے۔ وہ نماز سمجھ کر پڑھتا ہے۔ مگر دنیاوی خیالات نماز میں بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ تو اس کو بھی خوش ہونا چاہئے کہ سمجھ کر تو نماز پڑھنی نصیب ہوئی۔ تیسرا لذت بھی پاتا ہے اس کو بھی خوش ہونا چاہئے۔ اس طرح انسان ترقی کر سکتا ہے۔ شکر کرنے سے بھی ترقی ہوتی ہے۔ اگر پہلے ہی نماز کو اس خیال سے کہ لذت نہیں ملتی۔ کوئی چھوڑ دے تو وہ کیا ترقی کرے گا۔''

(حیات نور مکرم شیخ عبدالقادر صفحہ 519)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

''ہماری غرض نماز میں یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور ہم اپنے محبت اور اپنے عشق اور اپنے انکسار اور اپنے عجز کا اظہار کریں۔ زبان سے جو الفاظ ہم نکالتے ہیں وہ ان ساری باتوں کو ادا کر رہے ہوتے ہیں۔ جب ہم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ...... (الفاتحہ: 2 تا 4) کہتے ہیں تو یہ ہمارے اس سے تعلق کا اظہار ہوتا ہے کہ تو ہی ہمارا رب ہے۔ تو ہی رحمٰن ہے۔ بغیر مانگے اور بغیر طلب کئے تو ہم پر اپنی نعمتیں نازل کرتا ہے۔ ہماری ضرورتیں تو ہی پورا کرنے والا ہے۔ تو جب فیصلہ کرتا ہے تو نہایت سچا اور صحیح ہوتا ہے۔ پھر ہم اس کے حضور اپنے عجز اور انکسار کے اظہار کیلئے اِیَّاکَ ......(الفاتحہ:5) کہتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر عجز کا اور کیا اظہار ہو سکتا ہے کہ ہم کہتے ہیں، ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد طلب کرتے ہیں۔ پھر اپنی درخواستیں پیش کرنے کے لئے اِھْدِنَا ...... (الفاتحہ:7,6) سے زیادہ اور کیا الفاظ ہو سکتے ہیں۔ مگر جہاں ہم یہ الفاظ بیان کرتے ہیں وہاں ہم سینہ یا ناف پر ہاتھ بھی باندھتے ہیں جو ایک تصویری زبان ہے اور جس کے معنے یہ ہیں کہ ہم مؤدبانہ طور پر اور ملتجیانہ طور پر تیرے سامنے ایک سوالی کی حیثیت میں کھڑے ہیں۔ اسی طرح ہم جب ہاتھ اٹھا کر تکبیر کہتے ہیں تو وہ بھی ایک تصویری زبان ہوتی ہے۔ ہم اپنے عمل سے اس وقت ظاہر کر رہے ہوتے ہیں کہ نماز کے علاوہ ہم کسی اور طرف توجہ نہیں کر رہے۔ ہم اس وقت بالکل خاموش ہوتے ہیں۔ کوئی شخص ہم سے بات کرے تو ہم اس کا جواب نہیں دیتے۔ مگر پھر بھی تصویری زبان میں ہم اپنے ہاتھ اٹھاتے ہیں جس کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ اب ہم ساری دنیا سے قطع تعلق کر چکے ہیں۔ ہم رکوع میں اس کی تسبیح و تحمید کرتے اور اس کی عظمت بیان کرتے ہیں مگر ساتھ ہی تمثیلی زبان میں ہم جھک بھی جاتے ہیں۔ ہم سجدے میں جا کر خدا تعالیٰ کی تسبیح کرتے اور اس کی علوشان کا اقرار کرتے ہیں مگر ساتھ ہی تصویری زبان میں اس کے سامنے اپنا سر بھی رکھ دیتے ہیں۔ ہم نہایت ہی لطیف الفاظ میں تشہد میں خدا تعالیٰ سے اپنے تعلق کا اظہار کرتے ہیں مگر ساتھ ہی تمثیلی زبان میں اس کے سامنے گھٹنے ٹیک کر بیٹھ جاتے ہیں۔''

(روزنامہ الفضل 31 اکتوبر 1942ء)

''نماز روحانیت کا سرچشمہ ہے اور بندے کے لئے اللہ تعالیٰ کا مقرب بننے کا ذریعہ ہے۔ تم یہ جانتے ہو کہ اگر کوئی شخص سنکھیا کھا لے تو یقیناً مر جاتا ہے اسی طرح تمہیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ نماز نہ پڑھنا بھی سنکھیا کھانے سے کم نہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ یہ سنکھیا ایسا ہے جو قیامت کے دن اپنا اثر دکھائے گا اور انسان کو ابدالاباد تک کی دوزخ میں ڈال دے گا۔ پس یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ یہ سنکھیا مارتا نہیں بلکہ یہ سنکھیا ایسا ہے جو بہت سی اکٹھی موتیں انسانیت پر وارد کر دے۔ انسان کو موت آئے گی لیکن وہ مر نہیں سکے گا۔ سنکھیا کوئی اتنا مضر نہیں جتنا نماز نہ پڑھنا مضر ہے کیونکہ سنکھیا کھانے سے تو انسان پر ایک موت واقع ہوتی ہے لیکن نماز نہ پڑھنے کے نتیجے میں انسان جو سنکھیا کھاتا ہے وہ ایسا ہے کہ اکٹھی کئی موتیں انسان پر لے آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ لَا یَمُوْتُ ...... کہ دوزخ میں انسان نہ مر سکے گا اور نہ ہی زندہ رہے گا ہر وقت اس کو موت آتی رہے گی لیکن اس کے باوجود وہ مر نہیں سکے گا۔ موت کی تکلیف اٹھانے کے بعد وہ بے حس نہیں ہو گا کہ اسے باقی موتوں سے نجات حاصل ہو جائے۔ جتنے عیب، جتنی سستیاں اور جتنی بدیاں ہوں گی، وہ سب موت کی شکل میں اس کے سامنے نمودار ہوں گی اور ہر بدی اس کے لئے ایک موت لائے گی۔ ایک نماز نہ پڑھنے کی وجہ ایک موت ہوئی۔ اور پھر دوسری موت دوسری نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے۔ تیسری موت تیسری نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے۔ اسی طرح جھوٹ بولنے اور بددیانتی اور بے ایمانی کرنے کی وجہ سے اس پر موتیں وارد ہوں گی۔ پس نماز نہ پڑھنا ایک ایسا زہر ہے جو انسان کو ابدالاباد کے دوزخ میں ڈال کر اس پر کئی موتیں وارد کرتا ہے، اس سے بچنا چاہئے اور نمازوں میں باقاعدگی اختیار کرنی چاہئے''۔

(روزنامہ الفضل 21 فروری 1945ء)

''دوسری ضروری چیز نماز پوری شرائط کے ساتھ ادا کرنا ہے۔ قرآنِ کریم نے یُؤَدُّوْنَ الصَّلٰوۃَ کہیں نہیں فرمایا۔ یا یُصَلُّوْنَ الصَّلٰوۃ نہیں کہا بلکہ جب بھی نماز کا حکم دیا ہے۔ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃ فرمایا اور اقامت کے معنے باجماعت نماز ادا کرنے کے ہیں اور پھر اخلاص کے ساتھ نماز ادا کرنا بھی اس میں شامل ہے۔ گویا صرف نماز کا ادا کرنا کافی نہیں بلکہ نماز باجماعت ادا کرنا ضروری ہے اور اس طرح ادا کرنا ضروری ہے کہ اس کے اندر کوئی نقص نہ رہے۔ (۔) میں نماز پڑھنے کا حکم نہیں بلکہ قائم کرنے کا حکم ہے اس لئے ہر احمدی کا فرض ہے کہ نماز پڑھنے پر خوش نہ ہو بلکہ نماز قائم کرنے پر خوش ہو۔ پھر خود ہی نماز قائم کر لینا کافی نہیں بلکہ دوسروں کو اس پر قائم کرنا چاہئے۔ اپنے بیوی بچوں کو بھی اقامت نماز کا عادی بنانا چاہئے۔ بعض لوگ خود تو نماز کے پابند ہوتے ہیں مگر بیوی بچوں کے متعلق کوئی پرواہ نہیں کرتے۔ حالانکہ اگر دل میں اخلاص ہو تو یہ ہو نہیں سکتا کہ بچے کا یا بیوی کا یا بہن بھائی کا نماز چھوڑنا انسان گوارا کر سکے۔ ہماری جماعت میں ایک مخلص دوست تھے جو اب فوت ہو چکے ہیں۔ ان کے لڑکے نے مجھے لکھا کہ میرے والد میرے نام الفضل جاری نہیں کراتے۔ میں نے انہیں لکھا کہ آپ کیوں اس کے نام الفضل جاری نہیں کراتے تو انہوں نے جواب دیا کہ میں چاہتا ہوں کہ مذہب کے معاملہ میں اسے آزادی حاصل ہو اور وہ آزادانہ طور پر اس پر غور کر سکے۔ میں نے انہیں لکھا کہ الفضل پڑھنے سے تو آپ سمجھتے ہیں اس پر اثر پڑے گا اور مذہبی آزادی نہ رہے گی۔ لیکن کیا اس کا بھی آپ نے کوئی انتظام کر لیا ہے کہ اس کے پروفیسر اس پر اثر نہ ڈالیں۔ کتابیں جو وہ پڑھتا ہے وہ اثر نہ ڈالیں۔ دوست اثر نہ ڈالیں اور جب یہ سارے کے سارے اثر ڈال رہے ہیں تو کیا آپ چاہتے ہیں کہ اسے زہر تو کھانے دیا جائے اور تریاق سے بچایا جائے۔

تو میں بتا رہا تھا کہ اقامت نماز ضروری ہے اور اس میں خود نماز پڑھنا، دوسروں کو پڑھوانا، اخلاص اور جوش کے ساتھ پڑھنا، باوضو ہو کر ٹھہر ٹھہر کر باجماعت اور پوری شرائط کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ اس کی طرف ہمارے دوستوں کو خاص طور پر توجہ کرنی چاہئے۔ مجھے افسوس ہے کہ کئی لوگوں کے متعلق مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ خود تو نماز پڑھتے ہیں مگر ان کی اولاد نہیں پڑھتی۔ اولاد کو نماز کا پابند بنانا بھی اشد ضروری ہے اور نہ پڑھنے پر ان کو سزا دینی چاہئے۔ ایسی صورت میں بچوں کا خرچ بند کرنے کا تو حق نہیں۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ میں خرچ تو دیتا رہوں گا مگر تم میرے سامنے نہ آؤ جب تک تم نماز کے پابند نہ ہو۔ ہاں اگر کوئی بچہ کہہ دے کہ میں (۔) نہیں ہوں تو پھر البتہ حق نہیں کہ اس پر زور دیا جائے لیکن اگر وہ احمدی اور (۔) ہے تو پھر اسے

سزا دینی چاہئے اور کہہ دینا چاہئے کہ آج سے تم ہمارے گھر نہیں رہ سکتے جب تک کہ نماز کے پابند نہ ہو جاؤ۔''

(روزنامہ الفضل 26؍اکتوبر 1960ء)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

''نماز میں بھی حقوق العباد کی ایک ذمہ داری ہم پر پڑتی ہے کہ ہم ان کے لئے دعائیں کریں۔ سب انسانوں کے لئے دعائیں کرنا ضروری ہے اور اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی ہیں۔ حقوق اس معنی میں کہ ہم اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں، اس کی بڑائی بیان کرتے ہیں، اس کی تسبیح کرتے ہیں، اس کی تحمید کرتے ہیں اور اس طرح کہنے کو تو ہم اللہ کے حقوق ادا کر رہے ہوتے ہیں لیکن ہوتا یہ ہے کہ ہم اپنی جھولیاں اس کے فضل سے بھر رہے ہوتے ہیں۔ انسان کو خوش کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے کہا کہ میں ان کا نام حقوق اللہ رکھتا ہوں فائدہ صرف تمہیں ہے مجھے تو نہیں۔ میں تو غنی اور صمد ہوں مجھے کسی کی احتیاج نہیں ہے لیکن چونکہ نماز کے علاوہ اور بھی دینی اور دنیوی ذمہ داریاں ہیں اور وہ بہرحال بَیْنَ الصَّلٰوتَیْن یعنی دو نمازوں کے درمیان ادا کی جاتی ہیں تو آپ نے فرمایا کہ ہر نماز اپنے اور پچھلی نماز کے درمیان کی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں بشری کمزوریوں کی وجہ سے جو نقائص رہ جاتے ہیں ان کے لئے کفارہ بن جاتی ہے۔ (۔) بڑا پیارا مذہب ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف بڑی رحمتیں لے کر آئے ہیں تو ہر نماز کے متعلق آپ کا یہ ارشاد ہے کہ ہر نماز پہلی نماز اور اس کے درمیان (مثلاً اب جمعہ کی نماز ہم پڑھیں گے اس سے پہلے صبح کی نماز ہم نے ادا کی تو اس کے درمیان) خدا تعالیٰ نے دنیوی لحاظ سے اور دینی لحاظ سے جو ذمہ داریاں ڈالی ہیں ان میں سے کچھ تو تم نے ادا کیا اور تم بشر ہو اور کمزور ہو خدا تعالیٰ کے فضل کے بغیر اور اس کی مغفرت کی چادر میں آئے بغیر تم اپنی کمزوریوں کے بدنتائج سے بچ نہیں سکتے۔ اپنی کمزوریوں کے واقع ہونے سے بچ نہیں سکتے۔ پس ایک تو آپ نے یہ فرمایا کہ ہر نماز اپنے سے پہلی اور اپنے درمیان کی کمزوریوں اور گناہوں اور غفلتوں اور کوتاہیوں کو اللہ تعالیٰ کے حضور معاف کروا دیتی ہے۔ اگر خلوصِ نیت کے ساتھ تضرع اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور انسان جھکے تو اس کی یہ غفلتیں اور کوتاہیاں جو بَیْنَ الصَّلٰوتَیْن ہوں دور ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ آپ نے فرمایا کہ جو رہ جائیں اس کے لئے کسی بڑی جدوجہد کی ضرورت ہو تو ہم نے جمعہ کی بعض گھڑیاں قبولیتِ دعا کی ایسی رکھی ہیں کہ ایک جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان کی کوتاہیاں جو نمازوں کی ادائیگی کے باوجود مغفرت کی چادر میں نہیں آسکیں وہ جمعہ ان کو دور کر دیتا ہے اور آپ نے فرمایا کہ بعض ایسی تمہاری کوتاہیاں ہوں گی کہ جو ایک جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان جمعہ کی دعائیں اور جمعہ کی تضرع اور عاجزی دور نہیں کر سکے گی تو فکر نہ کرو ہم نے رمضان کا مہینہ اس کے لئے مقرر کیا ہے اور ایک رمضان اور دوسرے رمضان کے درمیان کے گیارہ ماہ کی کوتاہیاں اور غفلتیں رمضان کی عبادات کے ذریعہ دور ہو جاتی ہیں بشرطیکہ خلوصِ نیت ہو اور انسان سارے کا سارا اپنے رب کے لئے ہو کر زندگی گزارنے والا ہو۔ اپنی زندگی کو دو حصوں میں بانٹ کر ایک حصہ شیطان کو دینے والا اور دوسرا حصہ خدا کے حضور پیش کرنے والا نہ ہو کیونکہ پھر اللہ تعالیٰ کہتا ہے کہ جس کو تم نے میرے حصہ میں سے دیا ہے اسی کو جا کر سارا دے دو میری تمہیں اب ضرورت نہیں۔

پس ہر نماز پہلی نماز اور اپنے درمیان کی غفلتیں اور کوتاہیاں دور کرتی ہے اور ہر جمعہ پہلے جمعہ اور اپنے درمیان کی کوتاہیوں اور غفلتوں کو جو باقی رہ جاتی ہیں دور کرتا ہے اور ہر ماہ رمضان پہلے رمضان اور اپنے درمیان کے گیارہ مہینوں کی غفلتیں اور کوتاہیاں دور کرتا ہے۔ یہ تو آپ نے فرمایا ہے لیکن آپ نے ایک اور وضاحت کی ہے اور عام طور پر لوگ اسے بھول جاتے ہیں۔ یہ غفلتیں اور کوتاہیاں کبائر نہیں ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جب تک انسان، خدا کا بندہ کبائر سے اجتناب کرتا رہے اس وقت تک خدا تعالیٰ اس کو یہ توفیق دے گا مثلاً نماز کو ترک کر دینا کبائر میں سے ہے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق ایک رمضان اور دوسرے رمضان کے درمیان کے یہ کبیرہ گناہ کہ نماز کو اس نے ترک کیا معاف نہیں ہوگا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ معاف نہیں ہوگا۔ جو ایسا نہیں سمجھتا وہ بدعت کا عقیدہ رکھتا ہے اور بدعت کا عمل کرتا ہے۔''

(روزنامہ الفضل 9 نومبر 1974ء)

''نماز جو ہے اَلصَّلٰوۃُ الدُّعَاءُ نماز پڑھتے ہی ہم دعا کے لئے ہیں نماز میں دو قسم کی دعائیں ہیں، ایک وہ مسنون دعائیں ہیں یعنی قرآن کریم کی آیات اور وہ دعائیں ہیں جو مروی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم سے اور ایک وہ دعائیں ہیں اور یہ یاد رکھو اس میں بھی بدعت پیدا ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ نے یہ اجازت دی ہے بلکہ پسند کیا ہے کہ تم مسنون دعاؤں کے علاوہ اپنی زبان میں خدا تعالیٰ کے حضور دعائیں کرو اور اس سے مانگو نماز کے اندر۔

سیدنا حضرت اقدس فرماتے ہیں کہ نماز جو ہے صلوٰۃ یہ تزکیہ نفس کرتی ہے اور تزکیہ نفس (آپ فرماتے ہیں) یہ ہے کہ نفس امارہ کی شہوات سے بُعد حاصل ہوتا ہے یعنی ہوائے نفس جو ہیں نفسانی خواہشات جو ہیں ان سے انسان بچتا ہے۔''

(روزنامہ الفضل 5 جولائی 1981ء)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

قرآن کریم کی وہ آیات جو میں نے شروع میں تلاوت کی تھیں ان میں نماز کو قائم کرنے کا گر بتاتے ہوئے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی مثال پیش کی گئی ہے فرماتا ہے۔ سورۃ مریم: 55-56) کہ اسمٰعیل کی ایک بہت پیاری عادت یہ تھی کہ وہ اپنے اہل کو نماز اور زکوٰۃ کی ادائیگی کی تعلیم دیا کرتا تھا اور خدا کو بہت پیارا لگتا تھا کَانَ عِنْدَ رَبِّہٖ مَرْضِیًّا (سورۃ مریم: 56) اس کی یہ ادائیں اللہ کو بہت پسند تھیں کہ وہ ہمیشہ باقاعدگی کے ساتھ اپنے اہل و عیال کو نماز کا حکم دیتا تھا۔ اس میں یہ نکتہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ نمازوں کا قیام اور ان کا استحکام گھروں سے شروع ہوتا ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وسلم کو مخاطب کر کے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاْمُرْ اَھْلَکَ...... (طٰہٰ: 133) کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تو بھی اپنے اہل کو نماز کا حکم دیا کر وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا لیکن یہ ایسی بات نہیں ہے کہ ایک دفعہ کہنے سے اس پر پوری طرح عمل شروع ہو جائے گھروں میں اگلی نسلوں کو نماز کی عادت ڈالنی ہو تو مستقل مزاجی کے ساتھ تلقین کی عادت اختیار کرنی پڑتی ہے۔ ایک دو دفعہ یا ایک دو دن یا ایک دو ماہ یا چند سالوں کا کام نہیں۔ وَاصْطَبِرْ عَلَیْھَا کا مطلب یہ ہے کہ جب تک تو زندہ رہے، جب تک تجھ میں طاقت ہے اس عادت پر صبر سے استقامت اختیار کر لے۔ اس عادت کو کبھی چھوڑنا نہیں۔

چنانچہ حضرت مسیح موعود کے (رفقاء) میں ہم نے یہ چیز دیکھی کہ وہ اپنے اہل و عیال کو نمازوں کے متعلق تلقین کیا کرتے تھے اور کبھی کسی حالت میں بھی ایسا نہیں ہوا کہ انہوں نے نماز کی تلقین کرنی چھوڑ دی ہو۔ میرے سامنے بہت سی مثالیں ہیں کہ جو اپنے بچوں کو نماز کے لئے اپنے ساتھ لے جاتے تھے وہ باقاعدگی کے ساتھ ایسا کرتے اور کبھی بھی اس طرف سے غافل نہیں ہوئے۔ نماز پڑھنے والوں کے بھی اور نماز پڑھانے والوں کے بھی بڑے بڑے پیارے نظارے نظر آیا کرتے تھے۔ چنانچہ جن ماں باپ نے اس نصیحت پر عمل کیا اور اپنے گھروں میں نمازوں کی تلقین کو دوام کے ساتھ اختیار کیا۔ یوں لگتا تھا کہ گھر نمازیوں کی فیکٹریاں بن گئے ہیں اور ان کی نسلوں میں آج بھی بکثرت نمازی نظر آتے ہیں۔ جو دوسرے خاندانوں کی نسبت زیادہ نماز پڑھنے والے ہیں۔ چنانچہ وہ (رفقاء) جنہوں نے اس عادت میں امتیاز حاصل کیا ان کی اولاد نسلاً بعد نسلٍ نمازی بنتی چلی گئی۔ لیکن بعض دفعہ ایسا ہوا کہ (رفقاء) کے اندر تو خدا تعالیٰ نے نماز کی حفاظت کا جذبہ پیدا کیا تھا مگر بیویاں عمل کے لحاظ سے کمزور تھیں۔ یا جس جگہ بچوں کی شادیاں ہوئیں وہاں کے بے نمازوں کے خون ان سے مل گئے اور وہ پانی گدلا ہو گیا۔ تو ایسی مثالیں بھی ملتی ہیں کہ باقاعدگی سے نماز پڑھنے والے خاندانوں میں بے نماز شامل ہو گئے اور انہوں نے رفتہ رفتہ اس سارے پانی کو گدلا کرنا شروع کر دیا۔ لیکن جہاں ان کی شادیاں نمازیوں میں ہوئیں وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک ایسی نسل ملی ہے جو نماز پر ہمیشہ قائم بھی رہتی ہے اور مداومت میں قرآنی الفاظ...... (المعارج: 24) کا نقشہ پیش کرتی ہے۔ اسی طرح بعض گھروں میں بے نمازوں کی فیکٹریاں ملتی ہیں۔ یعنی جو بھی وہاں پیدا ہوتا ہے بے نمازی ثابت ہوتا ہے۔ تو سوال یہ ہے کہ خدام الاحمدیہ یا انصار اللہ یا دیگر تنظیمیں ان لوگوں کو کس طرح سنبھالیں؟ جب مَیں نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ **قرآن کریم پہلی ذمہ داری بیرونی تنظیموں پر نہیں ڈالتا بلکہ پہلی ذمہ داری گھروں پر ڈالتا ہے** اور یہ ایک بڑا ہی گہرا اور پُرحکمت نکتہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر گھر اپنے بچوں کی نماز کی حفاظت نہیں کریں گے تو بیرونی دنیا لاکھ کوشش کرے وہ اس قسم کے نمازی پیدا نہیں کر سکتی جو گھر کی تربیت کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہیں۔ پس میں تمام گھروں کو یہ تلقین کرتا ہوں کہ وہ بڑی ہمت اور جدوجہد کے ساتھ نمازی پیدا کرنے کی کوشش کریں اور ہمارے ماضی میں جو نیک مثالیں ستاروں کی طرح چمک رہی ہیں ان کی پیروی کریں۔ بہت سی مثالوں میں سے میں ایک مثال اپنے چھوٹے پھوپھا جان حضرت نواب محمد عبد اللہ خان صاحب کی دیتا ہوں۔ ان کو نماز سے، بلکہ نماز باجماعت سے ایسا عشق تھا کہ لوگ بعض دفعہ بیماری کے عذر کی وجہ سے (بیت الذکر) نہ جانے کے بہانے ڈھونڈتے ہیں، لیکن وہ بیماری کے باوجود (بیت الذکر) جانے کے بہانے ڈھونڈا کرتے تھے۔ دل کے مریض تھے اور ڈاکٹر نے بشدت منع کیا ہوا تھا کہ حرکت نہیں کرنی۔ لیکن اس کے باوجود آپ ایک Wheel Chair پر بیٹھ کر (پہیوں والی وہ کرسی جس پر بیٹھ کر مریض خود اپنے ہاتھوں سے اس کے پہیے گھماتا ہے) رتن باغ لاہور میں جہاں نمازیں ہوتی تھیں (اس وقت (بیت الذکر) نہیں تھی۔ اس لئے رتن باغ کے صحن میں نمازیں ہوا کرتی تھیں) باقاعدگی کے ساتھ وہاں پہنچا کرتے تھے۔ جب (بیت الذکر) گھر سے دور ہو گئی تو اپنے گھر کو (بیت الذکر) بنا لیا اور ارد گرد کے لوگوں کو دعوت دی کہ تم پانچوں وقت نماز کے لئے میرے گھر آیا کرو اور (بیت الذکر) کے جس قدر حقوق عائد ہوتے ہیں، ان سب کو ادا کرتے تھے۔ یعنی جب انہوں نے یہ اعلان کیا کہ میرا گھر (بیت الذکر) ہے تو پانچوں نمازوں کے لئے آپ کے گھر کے دروازے کھلے رہتے تھے۔ صبح کے وقت نمازی آتا تھا تو دروازے کھلے ہوتے تھے۔ رات کو عشاء کی نماز کے لئے آتا تھا تب بھی دروازے کھلے

ہوتے تھے اور دوپہر کو بھی دروازے کھلے رہتے تھے۔ پھر نمازیوں کے لئے وضو کا انتظام تھا اور دیگر سہولتیں بھی مہیا تھیں۔ یہ سب کچھ آپ اس لئے کرتے تھے کہ آپ کو نماز باجماعت سے ایک عشق تھا اور یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ کسی حالت میں بھی آپ کی کوئی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنے سے رہ جائے، چنانچہ آپ کی اولاد میں بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے نماز کی بڑی پابندی پائی جاتی ہے۔ یہ صرف ایک نمونہ ہے جس کا میں نے ذکر کیا ہے اسی قسم کے ہزارہا نمونے قادیان میں رہنے والوں کی یادوں میں بس رہے ہوں گے۔ نماز کا اتنا شوق پایا جاتا تھا اور اس کی اتنی تربیت تھی کہ قادیان کے پاگل بھی نمازی رہتے تھے۔ ایسے پاگل جو دنیا کی ہر ہوش گنوا دیتے تھے وہ نماز پڑھنے کے لئے اکیلے (بیوت الذکر) پہنچ جایا کرتے تھے۔ نماز پڑھنے کی عادت ان کی زندگی میں ایسی رچ بس گئی تھی کہ وہ اس سے الگ ہو ہی نہیں سکتے تھے۔ ایسے ہی ایک راجہ اسلم صاحب ہوا کرتے تھے۔ جب پاگل پن کی انتہاء ہوگئی تو بے چارے گھر سے باہر چلے گئے۔ پاگل پن میں جو بھی اندرونہ ہو وہ باہر آ جاتا ہے۔ چونکہ ان پہ نیکی کا غلبہ تھا اس لئے (آخری اطلاع کے مطابق) (دعوت الی اللہ) کے جنون سے غالباً روس کی طرف چلے گئے تھے۔ پھر انہیں دوبارہ کبھی نہیں دیکھا گیا۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ ان پر کیا گزری۔ لیکن پاگل پن کے انتہاء کے وقت بھی پانچوں نمازوں میں (بیت الذکر) میں آیا کرتے تھے۔

پس حضرت مسیح موعود اور آپ کے (رفقاء) کو خدا تعالیٰ نے عبادت کے قیام کی جو توفیق بخشی تھی وہ اگلی نسل یعنی تابعین تک بھی بڑی شدت کے ساتھ جاری رہی۔ اب ہم ایک ایسی جگہ پہنچے ہیں جہاں تابعین اور تبع تابعین کا جوڑ ہے اور اگر ہم نے اس وقت بشدت اپنی نمازوں کی حفاظت نہ کی تو خطرہ ہے کہ آگے بے نمازی پیدا ہونے نہ شروع ہو جائیں۔ اس لئے ہمیں غیر معمولی جہاد کی روح کے ساتھ نماز کے قیام کی کوشش کرنی چاہیے اور جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے یہ جہاد گھروں سے شروع ہوگا۔

(روزنامہ الفضل 26 فروری 1983ء)

☆......☆......☆......☆

مکرم رانا محمد سلیمان صاحب

بیکاری گناہ اور ہاتھ سے کام کرنا نیکی ہے

ہمارا معاشرہ اس وقت جس دور سے گزر رہا ہے۔ اس میں نوجوان طبقہ عجیب قسم کی ذہنی الجھنوں کا شکار نظر آتا ہے۔ ایک طرف تو بیرون ملک جانے کی جو بڑھتی ہوئی خواہش ہے اور مال و دولت کی ہوس ہے اس نے نوجوان نسل کو تعلیم چھوڑنے کے ساتھ ساتھ فارغ رہنے اور فضولیات میں وقت گزارنے کا عادی بنا دیا ہے اور نوجوان اسی وجہ سے نشہ کے عادی بھی بن جاتے ہیں۔ کیونکہ عدم مشغولیت کی وجہ سے اور بیکاری کی وجہ سے بوریت اور مایوسی کی کیفیت جنم لیتی ہے اور بعض دفعہ پھر شدید ذہنی الجھنوں کا شکار ہو کر نوجوان نسل جرائم میں ملوث ہو جاتی ہے اور جب ایسی صورتحال کسی قوم کے نوجوانوں میں پیدا ہو جائے پھر وہ قوموں کو تباہی کے قریب کر دیتی ہے اور بعض دفعہ تو نوجوان بعض کاموں کو اپنے لئے عار سمجھتے ہوئے اس کام یا پیشہ کو حقیر خیال کرتے ہیں۔ اسے سرانجام دینے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔

یورپین اقوام میں کسی کام کو عار نہیں سمجھا جاتا۔ طلباء بھی رخصتوں کے دنوں میں کام کرتے ہیں اور اپنی تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے اپنے اخراجات خود برداشت کر رہے ہوتے ہیں۔ بہرکیف ایسے لوگ جو دین حق کے پیروکار ہیں ان کو چاہئے کہ اپنے سامنے انبیاء علیہم السلام کا نمونہ رکھیں اور غور کریں کہ کسی نے تو بڑھئی کا کام کیا تھا کسی نے معمار کا اور کسی نے ملازمت اور تجارت، کبھی کسی نبی نے اپنے ہاتھ سے کام کرنے کو عار نہ سمجھا۔ ہمارے پیارے نبی کریمؐ کا نمونہ ہمارے سامنے موجود ہے۔ آپؐ نے تجارت بھی کی، ملازمت بھی کی، بکریاں چرائیں اور گھر میں بھی فارغ بیٹھنے کی عادت نہ تھی بلکہ تاریخ پر نظر دوڑانے سے پتہ چلتا ہے کہ آپؐ گھر میں بھی کام کاج کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہر نبی نے بعثت سے قبل بکریاں چرائی ہیں۔ صحابہؓ نے عرض کیا آپؐ نے بھی۔ فرمایا ہاں کچھ قیراط لے کر میں بھی مکہ والوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔

(بخاری کتاب الاجارہ)

پھر اسی طرح ایک موقع پر نبی کریمؐ فرماتے ہیں: اپنے ہاتھ سے کمائی ہوئی روزی سے بہتر کوئی روزی نہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے نبی داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ سے کما کر کھاتے تھے۔

(بخاری کتاب البیوع باب کسب الرجل وعملہ بیدہ)

